**متعلقہ خدمات کا اختیار نامہ**
سوالات اور جوابات

**متعلقہ خدمات کا اختیار نامہ (RSA) کیا ہے؟**

آپ کے بچے کے لیے منسلک فارم میں درج متعلقہ خدمت کی سفارش کی گئی ہے۔ اس فارم کو موصول کرنے کا مطلب ہے کہ نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کے پاس اس وقت یہ خدمت فراہم کرنے کے لیے فی الحال عملہ دستیاب نہیں ہے۔ RSA آپ کو اپنی پسند کے کسی خودمختار فراہم کنندہ سے یہ خدمت بغیر کسی لاگت کے حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

**میں ایک خودمختار فراہم کنندہ کو کس طرح تلاش کرسکتا ہوں؟**

فراہم کنندہ تلاش کرنے میں آپ کی مدد کے لیے، ہم نے **اسکول جانے کی عمر کے طلباء کے لیے متعلقہ خدمات فراہم کرنے والے خودمختار اداروں** کی ایک بلدیاتی فہرست منسلک کی ہے، یا آپ NYCPS کی عوامی ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں:

https://www.schools.nyc.gov/learning/special-education/supports-and-services/related-services/finding-an-independent-provider

آپ اس فہرست میں موجود کسی بھی فراہم کنندہ کا انتخاب کر سکتے ہیں، یا آپ اپنا فراہم کنندہ خود تلاش کر سکتے ہیں۔ براہِ کرم یاد رکھیں:

- فراہم کنندہ کا NYCPS سے منظور شدہ ہونا ضروری ہے۔
- فراہم کنندہ کا نیو یارک ریاست محکمۂ تعلیم سے مستقل لائسنس یافتہ یا تصدیق شدہ ہونا اور تجویز کردہ متعلقہ خدمت فراہم کرنے کے لیے حالیہ رجسٹریشن کا حامل ہونا ضروری ہے۔
- جہاں قابلِ اطلاق ہو، فراہم کنندہ کے لیے مقررہ دو لسانی مہارت کے تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے۔

**مختلف شعبوں میں ایک خودمختار فراہم کنندہ بننے کے لیے کن اسناد کا ہونا ضروری ہے؟**

- **مشاورت** کی خدمات کو نیویارک ریاست کے لائسنس یافتہ ماہرِ نفسیات، کلینکل سماجی کارکن، یا ذہنی صحت صلاح کار کے ذریعے فراہم کیا جانا ضروری ہے۔ دو لسانی صلاح کاری صرف ایسے فرد کے ذریعے فراہم کی جا سکتی ہے جو مذکورہ بالا تقاضوں کو پورا کرتا ہو اور جس کے پاس مطلوبہ مناسب دو لسانی مہارت بھی ہو۔
- **ذہنی جسمانی ورزش** سے علاج (آکوپیشنل تھیراپی) کا نیویارک ریاست کے کسی لائسنس یافتہ آکوپیشنل تھیراپسٹ کے ذریعے فراہم کیا جانا ضروری ہے۔
- **جسمانی ورزش سے علاج** (جسمانی تھیراپی) کا نیویارک ریاست کے کسی لائسنس یافتہ جسمانی تھیراپسٹ کے ذریعے فراہم کیا جانا ضروری ہے۔
- **گویائی تھیراپی** نیو یارک ریاست کے کسی ایسے لائسنس یافتہ گویائی/ زبان پیتھالوجسٹ کے ذریعے فراہم کیا جانا ضروری ہے، جو گویائی اور زبان کی معذوری کا تصدیق شدہ ٹیچر یا گویائی اور سماعتی معذوری کا ٹیچر بھی ہوں۔ دو لسانی گویائی تھیراپی صرف کسی ایسے فرد کے ذریعے فراہم کی جا سکتی ہے جو مذکورہ بالا تقاضوں کو پورا کرتا ہو اور جس کے پاس مناسب مطلوبہ دو لسانی مہارت بھی رکھتا ہو۔
- **بصری تعلیم** صرف نیو یارک ریاست کے نابینا اور جزوی طور پر بصارت رکھنے والے طلباء کے کسی تصدیق شدہ ٹیچر، نابینا اور بصری طور پر معذور طلباء کے کسی ٹیچر، یا سمتی (Orientation) رہنمائی/ نقل و حرکت کے ماہر کے ذریعے فراہم کیا جانا ضروری ہے۔ دو لسانی بصری تعلیم کی خدمات صرف کسی ایسے فرد کے ذریعے فراہم کی جا سکتی ہیں جو مذکورہ بالا تقاضوں کو پورا کرتا ہو اور جس کے پاس مناسب دو لسانی مہارت بھی ہو۔
- **سماعت کی تعلیم کی خدمات** صرف نیو یارک ریاست کے سماعت سے محروم اور سماعت سے متاثرہ طلباء کے کسی تصدیق شدہ ٹیچر، سماعت سے محروم اور کم سماعت والے طلباء کے ٹیچر، یا مناسب تربیت یافتہ، لائسنس یافتہ یا تصدیق شدہ اشاروں کی زبان کے ترجمان کے ذریعے فراہم کیا جانا ضروری ہے۔ دو لسانی سماعت کی تعلیم کی خدمات صرف کسی ایسے فرد کے ذریعے فراہم کی جا سکتی ہیں جو مذکورہ بالا تقاضوں کو پورا کرتا ہو اور جس کے پاس مناسب دو لسانی مہارت بھی ہو۔

- **رجسٹرڈ نرس کے ذریعے صحت کی خدمات** نیو یارک ریاست کی صرف کسی ایسے لائسنس یافتہ یا تصدیق شدہ رجسٹرڈ نرس کے ذریعے فراہم کیا جانا ضروری ہے، جس کے پاس کارڈیو پلمونری ریسسیٹیشن اور خودکار بیرونی ڈیفبریلیشن (CPR/AED) کی موجودہ سند بھی ہو۔

- **صحت کے معاون / معاون پیشہ ور کے ذریعے صحت کی خدمات** مناسب تربیت یافتہ، لائسنس یافتہ یا تصدیق شدہ صحت کے معاون کے ذریعے فراہم کرنا ضروری ہے۔

برائے مہربانی توجہ فرمائیں:

- کوئی بھی شخص جو اس وقت NYCPS کا ملازم ہے (جب تک کہ انہیں NYCPS معالجین کی بلدیاتی فہرست میں شامل ہونے کی منظوری نہ دی گئی ہو) یا کسی دوسرے شہر کے اداروں کا حصہ ہوں، اس معاہدے کے تحت خدمات فراہم نہیں کر سکتا، سوائے ان شاذ و نادر مواقع کے جب نیو یارک شہر مفادات کا تصادم بورڈ نے محکمہ کی درخواست پر رعایت دی ہو۔

- ادارے NYCPS کے ملازمین کو، بشمول NYCPS معالجین کی بلدیاتی فہرست میں شامل ملازمین کے، فراہم کنندہ کے طور پر ملازمت نہیں دے سکتے۔

- NYCPS کی ملازمت چھوڑنے کے بعد، کوئی بھی فرد پورے ایک سال تک اس معاہدے کے تحت خدمات فراہم نہیں کر سکتا (انفرادی فراہم کنندہ یا کسی ادارے کے ساتھ بطور ملازم / ٹھیکیدار)۔
  - اگر کسی فرد نے "F" حیثیت کے تحت کام کیا ہو اور استعفیٰ دے دیا ہو، تو اسے محکمے کا ملازم تصور کیا جائے گا اور اسے F" حیثیت کے تحت کام مکمل کرنے کے بعد پورا ایک سال انتظار کرنا ہو گا، اس کے بعد ہی وہ اس معاہدے کے تحت خدمات فراہم کر سکتا ہے۔
  - اگر کسی فرد نے "F" حیثیت کے تحت کام کیا ہو اور ریٹائر ہو گیا ہو، تو وہ ریٹائرمنٹ کے فوراً بعد خودمختار فراہم کنندہ بننے کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

یہ پابندیاں نیویارک شہر کے چارٹر کے چیپٹر 68 میں موجود ہیں۔

- فراہم کنندہ جائزہ لینے والا وہ فرد نہیں ہونا چاہیے جس نے تشخیص مکمل کی ہو۔

**ایک خودمختار فراہم کنندہ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟**

ایک خودمختار فراہم کنندہ کا درج ذیل سے متفق ہونا ضروری ہے:

- موجودہ تعلیمی سال کے لیے IEP کے مطابق، طالب علم کو تواتر، دورانیے اور مقرر کردہ زبان میں خدمات فراہم کرنا۔ گروپ کا سائز ہر طالب علم کے IEP میں درج گروپ سائز سے تجاوز نہیں کرسکتا۔
- SESIS نظام میں خدمت کے آغاز کرنے کی تاریخ درج کر کے نشاندہی کرنا۔
- پیشرفت کے ہفتہ وار نوٹس برقرار رکھنا، درخواست کرنے پر طالب علم کی پیشرفت کی رپورٹ جمع کروانا، IEP کانفرنسوں میں شرکت کرنا، اور NYCPS کے لیے کسی لاگت کے بغیر IEP کے متعلقہ صفحات مکمل کرنا۔
- پبلک اسکولوں کے لیے NYCPS اسکول کیلنڈر کے مطابق اور غیر پبلک اسکولوں کے لیے نجی / مذہبی / چارٹر اسکول کیلنڈر کے مطابق خدمات فراہم کرنا۔
- تلافی سیشن صرف اسی ہفتے کے دوران فراہم کرنا۔ باقاعدہ سیشنز کے روز تلافی سیشنز نہیں ہو سکتے۔
- ان خدمات کے لیے بطور مکمل ادائیگی منظور کردہ زیادہ سے زیادہ نرخ سے زیادہ رقم قبول نہ کرن۔ وصول کیا جانے والا نرخ اس کم ترین نرخ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے جو آپ عام طور پر وصول کرتے ہیں۔ یہ نرخ صرف براہِ راست خدمات کے لیے ہے اور خدمات حاصل کرنے والے گروپ کے سائز سے قطع نظر اس نرخ کا اطلاق ہو گا سوائے گویائی تھیراپی کی خدمات کے، جن کا نرخ ایک سیشن میں خدمات حاصل کرنے والے طلباء کی تعداد پر منحصر ہوتا ہے جیسا کہ نرخوں کے شیڈول میں درج ہے۔ گروپ کا سائز ہر طالب علم کے IEP میں مخصوص گروپ سائز سے تجاوز نہیں کرسکتا۔ فراہم کنندگان والدین / سرپرست سے فراہم کردہ خدمات کے لیے ادائیگی کی درخواست نہیں کر سکتے۔
- والدین / سرپرست کے لیے بغیر کسی اضافی اخراجات، ادائیگی کے لیے بِل (انوائس) براہِ راست NYCPS کو مطلوبہ فارمیٹ میں جمع کروانا۔
- اپنی پیشہ ورانہ بے ضابطگی / ذمہ داری کی انشورنس رکھنا۔
- روزانہ حاضری کا ریکارڈ برقرار رکھنا اور نیو یارک ریاست کے محکمہ سماجی خدمات یا دیگر اداروں کی جانب سے طلب کردہ اعداد و شمار / معلومات جمع کرنے میں NYCPS کے لیے بغیر کسی اضافی لاگت کے حصہ لینا۔
- فراہم کنندگان کوNYCPS کے عملے کو تحائف دینے کی ممانعت ہے۔

**خودمختار فراہم کنندگان کے لیے زیادہ سے زیادہ نرخ کیا ہیں؟**

| متعلقہ خدمات کی نوعیت | زبان | گروپنگ | نرخ 2025/01/09 سے مؤثر ہے * | سیشن کا دورانیہ |
|---|---|---|---|---|
| مشاورت - لائسنس یافتہ ماہر نفسیات | یک لسانی / دولسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$54** | 30 منٹ |
| مشاورت - ذہنی صحت کے مشیر | یک لسانی / دولسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$54** | 30 منٹ |
| مشاورت – لائسنس یافتہ کلینکل سماجی کارکن | یک لسانی / دولسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$48** | 30 منٹ |
| معاون برائے صحت (نقل و حمل، پیرا، کرائسز پیرا، وغیرہ) | یک لسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$24** | 60 منٹ |
| سماعت کی تعلیم خدمات | یک لسانی / دولسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$54** | 30 منٹ |
| ذہنی/ جسمانی ورزش سے علاج | یک لسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$54** | 30 منٹ |
| زبانی ترجمان | یک لسانی | | **$24** | 60 منٹ |
| سمتی رہنمائی / نقل و حرکت کے ماہر | یک لسانی / دولسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$54** | 30 منٹ |
| جسمانی تھیراپی | یک لسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$54** | 30 منٹ |
| رجسٹرڈ نرس | یک لسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$54** | 30 منٹ |
| اشاروں کی زبان کا ترجمان | یک لسانی / دولسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$36** | 30 منٹ |
| گویائی علاج | یک لسانی | انفرادی | **$54** | 30 منٹ |
| گویائی علاج | یک لسانی | 2 کے گروپ میں فراہم کردہ خدمت | **$67.50** | 30 منٹ |
| گویائی تھیراپی | یک لسانی | 3 کے گروپ میں فراہم کردہ خدمت | **$81** | 30 منٹ |
| گویائی تھیراپی | یک لسانی | 4 کے گروپ میں فراہم کردہ خدمت | **$94.50** | 30 منٹ |
| گویائی تھیراپی | یک لسانی | 5 یا زیادہ کے گروپ میں فراہم کردہ خدمت | **$108** | 30 منٹ |
| گویائی تھیراپی | دولسانی | انفرادی | **$64.80** | 30 منٹ |
| گویائی تھیراپی | دولسانی | 2 کے گروپ میں فراہم کردہ خدمت | **$81.00** | 30 منٹ |
| گویائی تھیراپی | دولسانی | 3 کے گروپ میں فراہم کردہ خدمت | **$97.20** | 30 منٹ |
| گویائی تھیراپی | دولسانی | 4 کے گروپ میں فراہم کردہ خدمت | **$113.40** | 30 منٹ |
| گویائی تھیراپی | دولسانی | 5 یا زیادہ کے گروپ میں فراہم کردہ خدمت | **$129.60** | 30 منٹ |
| بصارت کی تعلیم خدمات | یک لسانی / دولسانی | انفرادی اور تمام گروپ سائز | **$54** | 30 منٹ |
| SETSS ** | یک لسانی | انفرادی | **$85.91** | 60 منٹ |
| SETSS ** | یک لسانی | 2 کے گروپ میں فراہم کردہ خدمت | **$100.22** | 60 منٹ |
| SETSS ** | یک لسانی | 3 یا 4 کے گروپ میں خدمت فراہم کی گئی | **$114.54** | 60 منٹ |
| SETSS ** | یک لسانی | 5-8 کے گروپ میں خدمت فراہم کی گئی | **143.18** | 60 منٹ |

*** For services provided on or after 9/1/2025.**

**** SETSS کے نرخوں میں 2024 میں اضافہ کیا گیا تھا۔**

خودمختار فراہم کنندگان کی جانب سے طلب کیے جانے والا نرخ ان طلب کیے جانے والے کم از کم نرخوں سے زائد نہیں ہونے چاہئیں جو وہ عام طور پر لیتے ہیں اور حسبِ ضرورت تناسب سے ہونا چاہئیے۔

فراہم کنندہ ان خدمات کے لیے بطور مکمل ادائیگی منظور کردہ زیادہ سے زیادہ نرخ سے زیادہ طلب نہیں کر سکتا۔ فراہم کنندہ والدین / سرپرست سے فراہم کردہ خدمات کے لیے ادائیگی کی درخواست نہیں کرے گا۔

### کسی فراہم کنندہ کا انتخاب کرنے کے بعد مجھے کیا کرنا ہو گا؟

آپ اور منتخب شدہ آزاد فراہم کنندہ کو **RSA-2 فارم** مکمل کرنا ہو گا، پھر فارم پر دستخط کریں اور فراہم کنندہ کے لائسنس اور/ یا سرٹیفیکیٹ کی نقل منسلک کریں۔ اگر انفرادی فراہم کنندہ کسی ادارے کے لیے کام کر رہا ہے، تو فراہم کنندہ کو ادارے کی معلومات درج ذیل خانوں میں شامل کرنا ہوں گی: **ادارے کا نام (اگر قابلِ اطلاق ہو)، ملازم کا ٹیکس ID نمبر (اگر ادارہ ہو)** اور **ادارے کا پتہ۔** اگر فردی فراہم کنندہ کسی ادارے کے لیے کام نہیں کر رہا لیکن اس کا **اپنا ٹیکس آئی ڈی نمبر ہے**، تو فراہم کنندہ کو یہ خانے بھی مکمل کرنا ہوں گے۔ آپ کو خودمختار فراہم کنندہ کے لائسنس اور / یا سرٹیفکیٹ کی ایک نقل بھی رکھنی چاہیئے۔ برائے مہربانی آگاہ رہیں کہ صرف **RSA-2** فارم پر درج خودمختار فراہم کنندہ ہی آپ کے بچے کو خدمات فراہم کرسکتا ہے۔ اگر آپ کے بچے کو فراہم کنندہ کے کاروبار کی جگہ پر خدمت فراہم کی جا رہی ہے، تو آپ کو یہ یقینی بنانا ہو گا کہ صرف آپ کا منظور کردہ آزاد فراہم کنندہ ہی آپ کے بچے کو خدمت فراہم کر رہا ہے۔ مکمل کردہ **RSA-2 فارم** کو RSA-2 فارم پر درج کردہ دفتر میں ہی جمع کروانا ضروری ہے۔

### میرے RSA-2 فارم جمع کروانے کے بعد، فراہم کنندہ کب خدمات شروع کرسکتا ہے؟

RSA-2 فارم موصول ہو جانے کے بعد، پہلے تمام معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔ اگر فارم مکمل ہے اور فراہم کنندہ کو سیکیورٹی کلیئرنس مل گئی ہے اور مناسب لائسنس، رجسٹریشن اور / یا سرٹیفیکیشن جمع کروا دیئے گئے ہیں، تو آپ کے فراہم کنندہ کو اس خدمت کے لیے ایک شناختی نمبر کے ساتھ منظوری کا ایک خط ملے گا۔ اگر ہم آپ کو اس منظوری کے بارے میں مطلع کرنے میں ناکام رہے، تو فراہم کنندگان کو خدمات شروع کرنے یا ادائیگی وصول کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، جب تک کہ انہیں ایک مجاز RSA جاری نہ کر دیا جائے اور NYCPS کی جانب سے ان کی کلیئرنس کی تصدیق نہ ہو جائے۔ صرف **RSA-2 فارم** پر منظور کردہ خودمختار فراہم کنندہ ہی خدمات فراہم کرنے کا مجاز ہے۔ اگر خودمختار فراہم کنندہ میں کوئی تبدیلی آتی ہے، تو ایک نیا **RSA-2 فارم** جمع کروانا ضروری ہے۔ منتخب کردہ خودمختار فراہم کنندہ کو اپنی انگلیوں کے نشانات دینے کے لیے Office of Related and Contractual Services, at 4951 Chambers Street, Room 600, New York, NY 10007، کمرہ 600، میں بذاتِ خود آنا ضروری ہے، جس کے اخراجات فراہم کنندہ کو برداشت کرنا ہوں گے۔ خودمختار فراہم کنندگان کو خدمات شروع کرنے کی اجازت اس وقت تک نہیں دی جائے گی جب تک کہ سیکیورٹی کلیئرنس نہ مل جائے۔

### متعلقہ خدمات کہاں فراہم کی جاسکتی ہیں؟

متعلقہ خدمات آپ کے بچے کے اسکول میں، آپ کے گھر پر یا فراہم کنندہ کی کاروباری جگہ پر فراہم کی جاسکتی ہیں۔

### کیا مجھے اپنے بچے کو فراہم کنندہ کی کاروباری جگہ پر لے جانے کے لیے آنے جانے کے اخراجات واپس مل سکتے ہیں؟

جی ہاں۔ یہ ضروری ہے کہ آمد ورفت سے متعلقہ ادائیگی کے لیے تمام درخواستیں منسلکہ **RSA-3 یا RSA-3A فارم آمد ورفت بازادائیگی واؤچر** پر کی جائیں۔ خودمختار فراہم کنندہ کو آپ کو منظور شدہ **RSA-2 فارم** کی نقل اور خدمات کا بِل یا ایک ایسا بیان فراہم کرنا ضروری ہے جس میں خدمات فراہم کرنے کی تاریخیں درج ہوں، جسے **RSA-3 یا RSA-3A** فارم کے ساتھ نقل و حمل فراہم کنندہ کی مطلوبہ رسیدوں سمیت منسلک کرنا ضروری ہے۔ تمام صورتوں میں، تمام مطلوبہ فارمز پر منظوری دینے والے **اصل مجاز دستخطوں** کے بغیر کسی بھی ادائیگی پر کاروائی نہیں کی جائے گی۔ آپ کے لیے **RSA-3 یا RSA-3A** فارمز پر دستخط کرنا ضروری ہے، جس میں ان **اصل** تاریخوں کی نشاندہی کی جائے جب آپ کے بچے کو نقل و حمل کی سہولت فراہم کی گئی تھی۔ کسی بھی صورت میں آپ کو **خالی RSA-3 یا RSA-3A** فارمز پر دستخط نہیں کرنے چاہییں اور نہ ہی نقل و حمل کی ایسی خدمات کے لیے دستخط کرنے چاہییں جو ابھی فراہم نہیں کی گئی ہیں۔

### فراہم کنندہ کو ادائیگی کس طرح کی جائے گی؟

فراہم کنندہ کو مجاز RSA اور ادائیگی کے لیے رہنما اصول موصول ہوں گے۔ **آپ کو اپنی جیب سے کوئی ادائیگی نہیں کرنا ہو گی** فراہم کنندہ ان خدمات کے لیے بطور مکمل ادائیگی منظور کردہ زیادہ سے زیادہ نرخ سے زیادہ طلب نہیں کر سکتے۔ فراہم کنندہ فراہم کردہ خدمات کے لیے والدین / سرپرست سے ادائیگی کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔ اگر خدمت آپ کے گھر یا فراہم کنندہ کے دفتر میں فراہم کی جاتی ہے، تو آپ کو فراہم کنندہ کے بِل پر دستخط کرنا ضروری ہے تاکہ ان **اصل** تاریخوں اور اوقات کی تصدیق ہو سکے جب آپ کے بچے نے خدمات حاصل کیں۔ **آپ کو خالی رسیدوں پر یا ان سیشنز کے لیے دستخط نہیں کرنے چاہییں جو ابھی فراہم نہیں کیے گئے۔**

### کیا فراہم کنندہ سے IEPs کو لکھنا یا طالب علم کی پیشرفت کی رپورٹ فراہم کرنا مطلوب ہے؟

فراہم کنندہ کو اس مقصد کے لیے محکمہ کی جانب سے مقرر کردہ فارم پر روزانہ حاضری کا ریکارڈ برقرار رکھنا، فراہم کی جانے والی خدمت کے لیے ہفتہ وار پیشرفت کے نوٹس رکھنا، اور اسکول کے عملے یا خصوصی تعلیم کی کمیٹی کی جانب سے درخواست کیے جانے پر متعلقہ خدمات کے طالب علم کی پیشرفت کی رپورٹ مکمل کرنا ضروری ہو گا۔ اس کے علاوہ، سالانہ جائزے کی درخواست کی جائے اور / یا اگر کوئی مطلوبہ جائزہ مانگا جائے، تو فراہم کنندہ کو IEP کانفرنس میں شرکت کے لیے دستیاب ہونا اور بغیر کسی اضافی لاگت کے IEP کے متعلقہ صفحات مکمل کرنا ضروری ہو گا۔ پیشرفت کی رپورٹس سالانہ جمع کروانا ضروری ہے۔

### اگر متعلقہ خدمت نیویارک شہر محکمۂ تعلیم کے عملے کے ذریعے دستیاب ہو جائے تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کے بچے کو خودمختار فراہم کنندہ سے یہ خدمت ملنے سے پہلے یہ خدمت نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم کے عملے کے ذریعے دستیاب ہو جائے، تو یہ خدمت محکمہ فراہم کرے گا۔ تاہم، اگر آپ کے بچے کو یہ خدمت خودمختار فراہم کنندہ سے ملنا شروع ہو جائے، تو آپ کے پاس تعلیمی سال کے اختتام تک خودمختار فراہم کنندہ کے ذریعے یہ خدمت جاری رکھنے کا اختیار ہو گا۔

### میں مدد کے لیے کس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟

اگر ان فارمز کو سمجھنے یا کسی خودمختار فراہم کنندہ کو تلاش کرنے میں مدد درکار ہو، تو براہِ کرم اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کسی پبلک اسکول میں زیرِ تعلیم نہیں ہیں، تو براہِ کرم اس CSE سے رابطہ کریں جس نے متعلقہ خدمت کا اختیار نامہ جاری کیا ہے۔